www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


سعید مجتبیٰ السعیدی

# تبصرۂ کتب!

صلوٰۃ الرسول : مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی مرحوم ومغفور

تخریج وتعلیق وحواشی : مولانا حافظ عبد الرؤف صاحب حفید مولانا حکیم محمد اشرف صاحب سندھو مرحوم ومغفور

صفحات : ۵۴۸ قیمت : ۱۰۰ روپیہ

ناشر : دار الاشاعت اشرفیہ، سندھو، بلوکی ضلع قصور

تاریخ اشاعت : جنوری ۱۹۸۹ء طبع : اوّل

اردو زبان میں نماز کے موضوع پر چھوٹی، بڑی، مختصر اور مفصّل اس قدر کتب لکھی گئی ہیں کہ ان کا شمار ناممکن ہے۔ مگر جس کتاب کو سب سے زیادہ شرفِ قبولیت حاصل ہوا وہ معروف اہل قلم مرحوم ومغفور حضرت مولانا حکیم محمد صادق سیالکوٹی (رَحِمَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً وَّاسِعَةً وَّسَقَى اللّٰهُ ثَرَاهُ وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ۔ آمین) کی ترتیب دادہ کتاب "صلوٰۃ الرسول" ہے۔

یہ کتاب اپنے موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مفصّل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس کی خوبی یہ ہے کہ اس کی زبان بڑی سادہ اور عام فہم ہے، جیسا کہ مولینا مرحوم کی تحریر کا انداز تھا۔

یہ کتاب اتباعِ سنّت کی اہمیّت، نماز کی فرضیت و اہمیت، مسائلِ طہارت، وضو اور غسل کے مسائل، وضو، تیمم، آدابِ مساجد کے علاوہ نماز کے تفصیلی احکام پر مشتمل ہے۔

فرضی نماز کے علاوہ کتاب میں نمازِ تہجد، تراویح، جمعہ، نمازِ قصر، عیدین، سورج اور چاند گرہن کی نماز، نمازِ جنازہ کے احکام بھی تفصیل سے ذکر کئے گئے ہیں۔ آخر میں مسنون دعائیں بھی ہیں۔

گویا یہ کتاب مسائلِ نماز پر ایک انسائیکلوپیڈیا ہے کہ انسان مختصر وقت میں مختلف کتابوں کی ورق گردانی کرنے کی بجائے ایک اسی کتاب سے ضرورت کے مسا[illegible] اور اختصار کے ساتھ معلوم کر سکتا ہے۔

جب سے مصنف نے یہ کتاب لکھی اس وقت سے اب تک کتنی تعداد میں یہ کتاب طبع ہوئی، اور کتنے لوگوں نے اس کے ذریعہ نہ صرف اپنی نمازوں کو درست کیا بلکہ بہت سوں


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



نے اسی کتاب کو پڑھ کر مسلک حقہ اہلحدیث کی طرف راہ پائی۔ ان امور کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔
کتاب کی اس قدر خصوصیات اور اہمیت کے باوجود اس میں ایک کوتاہی رہ گئی تھی۔ کہ ہندو پاک کے عوامی ذہن کے مطابق کتاب میں احادیث کو صحت وضعف کے فیصلہ کے بغیر ذکر کیا گیا تھا۔ کتاب میں ذکر کردہ احادیث میں سے کئی ایک ضعیف اور ان کے راوی مجروح اور متکلم فیہ تھے۔
مصنف ایک بلند پایہ عالم دین ہونے کے باوجود نہ معلوم کیوں اس طرف توجہ نہ دے سکے۔
اصحاب علم بوقت ضرورت کتاب سے استفادہ کرنے کے باوجود احادیث کی تخریج وتحقیق کی کمی کو شدت سے محسوس کرتے تھے۔
چنانچہ یہ سعادت ہمارے محترم برادر فاضل نوجوان مولانا حافظ عبدالرؤف صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی کے حصہ میں آئی۔ انھوں نے کمر ہمت باندھی اور اس کتاب کی احادیث کی نہ صرف تخریج کی بلکہ مفید اسنادی مباحث بھی رقم فرمائے۔ اس سے کتاب کی افادیت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔
مولینا موصوف جماعت کے مرحوم بزرگ مولینا حکیم محمد اشرف سندھو رحمہ اللہ کے پوتے ہیں۔ مرحوم حکیم صاحب ایک پختہ کار مناظر قسم کے عالم تھے۔ اُن کی تصانیف سے آج بھی ہم جیسے ہیچمدان مستفید ہو کر ان کے حق میں بلندئ درجات کی دعائیں کرتے ہیں۔
دادا کی طرح پوتے نے بھی علمی میدان میں قدم رکھا ہے۔ یہ اگرچہ آن کی پہلی علمی کاوش ہے تاہم اس میں وہ ماشاء اللہ انتہائی کامیاب رہے ہیں۔
اللہ تعالیٰ اُن کی محنت کو قبول فرمائیں اور دین کی مزید خدمت کی توفیق سے نوازیں۔
آمین!
ہم حافظ صاحب موصوف کے لئے علم وعمل میں برکت کی دعا کے ساتھ کتاب کی افادیت واہمیت کے پیش نظر علماء وطلباء سے سفارش کرتے ہیں کہ "صلوٰۃ الرسول" کا مطالعہ کرتے کراتے وقت کتاب کا یہ محقق نسخہ سامنے رکھ کر احادیث سے متعلقہ مباحث سے بھی مستفید ہوں۔

---



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ